© rasailojaraid.com

# تحریک ختم نبوت اور اہلحدیث کا کردار

مولانا فاروق الرحمٰن یزدانی
نائب مدیر ترجمان الحدیث فیصل آباد

یہ بات علی وجہ البصیرت کہی جا سکتی ہے کہ روئے زمین پر اگر اہلحدیث کا وجود نہ ہوتا تو قیامت تک فتنہ قادیانیت کو کفر اور قادیانیوں، مرزائیوں کو کافر قرار نہ دیا جا سکتا۔

یہ محض جذبات نہیں بلکہ حقیقت ہے کیونکہ مرزا قادیانی کی خانہ ساز نبوت کا اگر کوئی مدلل و مسکت رد کر سکتا تھا اور کر سکتا ہے تو وہ فقط جماعت حقہ اہلحدیث کے حامل افراد ہی یہ شرف حاصل کر سکتے ہیں۔

## ایسا کیوں؟

یہ اس لئے کلمہ طیبہ لا اللہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھنے کے بعد اگر کسی نے اس کلمہ کی لاج رکھی ہے اور پیغمبر کائنات حضرت محمد رسول اللہ ﷺ سے وفاداری کی ہے تو وہ جماعت اہلحدیث کے افراد ذی وقار ہی ہیں کیونکہ کئی لوگوں نے کلمہ پڑھنے کے بعد بھی محمد رسول اللہ ﷺ سے کئی لوگوں کو رفیع، اعلیٰ اور مقام نبوت سے بلندتر خیال کیا ہے کسی نے امامت کا نبوت سے اعلیٰ و بہتر ہونے کا عقیدہ اپنایا تو کسی نے رسول اللہ ﷺ کی بات کے مقابلہ میں کسی دوسرے امام، مجتہد، فقیہہ، محدث اور مفتی کی بات کو ترجیح دی۔ حالانکہ زمین کی وسعتوں میں اور نیلگوں آسمان کی چھت کے نیچے واحد ذات اقدس محمد رسول اللہ ﷺ کی ہی ہے کہ جن کے متعلق عرش کی بلندی سے اکناف عالم میں یہ اعلان ہوتا ہے:

وما ینطق عن الهوی ان هو الا وحی یوحی
(النجم: ٣۔٤)

> اگر کسی نے کلمہ طیبہ کی لاج رکھی ہے اور پیغمبر کائنات حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے وفاداری کی ہے تو وہ جماعت اہلحدیث کے افراد ذی وقار ہیں

کہ امام کائنات حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی زبان اقدس سے نکلے ہوئے الفاظ وحی کا درجہ رکھتے ہیں۔ اور یہ شرف کسی امام پیر، مفتی، مجتہد، فقیہہ کو حاصل نہیں ہے مگر بعض لوگوں نے نہ صرف کہ رسول اللہ ﷺ کے فرمان عالی کے مقابلہ میں اپنے ان بزرگوں کی فرامین واقوال کو ترجیح دی بلکہ اعلانیہ یہ تک کہہ دیا:

ان کل خبر یجئی بخلاف قول اصحابنا فانه یحمل علی النسخ او علی انه معارض بمثله ثم صار الی دلیل آخر او ترجیح فیه بما یحتج به اصحابنا من وجوه الترجیح او یحمل علی التوفیق وانما یفعل علی ذالک علی حسب قیام الدلیل فان قامت دلالة النسخ یحمل علیه وان قامت الدلالة علی غیره صرنا الیه
(اصول الکرخی: ص١١)

کہ ہر وہ حدیث جو ہمارے مذہب کے خلاف ہوگی تو اس کو منسوخ سمجھا جائیگا یا پھر یہ سمجھا جائے گا کہ اس کے مقابلہ میں اس جیسی کوئی اور حدیث موجود ہے پھر کوئی اور دلیل تلاش کی جائے گی یا اس کو ترجیح پر محمول کیا جائیگا جس کی بناء پر ہمارے بزرگوں نے دلیل لی ہے یا اس کو توفیق و تطبیق پر محمول کریں گے اور یہ سارا کچھ دلیل کے قیام کے مطابق ہوگا گر دلیل نسخ پر قائم ہو جائے تو اس کو منسوخ سمجھیں گے اور اگر اس کے علاوہ کسی بات پر دلیل قائم ہو تو ہم اس کو اختیار کر لیں گے۔ (یعنی حدیث رسول اللہ ﷺ کو ٹھکرانے اور اپنے بزرگوں کے قول کے دفاع اور اس پر تمسک کیلئے جو کچھ بھی کرنا پڑا کریں گے) پھر اسی پر ہی بس نہیں بلکہ عملاً اس کا اظہار بھی کیا گیا۔ مولانا اشرف علی تھانوی اپنے استاد محترم مولانا رشید احمد گنگوہی کو خط لکھتے ہیں اور اس وقت کے حالات کا تذکرہ ان الفاظ میں کرتے ہیں۔ اور مفاسد کا ترتب یہ کہ اکثر مقلدین عوام بلکہ خواص اس قدر جامد ہوتے ہیں۔ کہ اگر قول مجتہد کے خلاف کوئی آیت یا حدیث کان میں پڑتی ہے تو ان کے قلب (دل) میں انشراح و انبساط (خوشی) نہیں رہتا بلکہ اول استنکار قلب میں پیدا ہوتا پھر تاویل کی فکر ہوتی ہے خواہ کتنی ہی بعید ہو اور خواہ دوسری دلیل قوی (مضبوط) اس کے معارض (خلاف) ہو بلکہ مجتہد کی دلیل اس مسئلہ میں بجز (سوائے) قیاس کے کچھ بھی نہ ہو بلکہ خود اپنے دل میں اس تاویل کی وقعت نہ ہو مگر نصرت مذہب کیلئے تاویل ضروری سمجھتے ہیں۔ دل یہ نہیں چاہتا کہ قول مجتہد کو چھوڑ کر حدیث صحیح، صریح پر عمل کر لیں
(تذکرۃ الرشید ١: ١٣١)

اتنی طویل تمہید سے مراد فقط یہ بتلانا ہے کہ کس طرح رسول اللہ ﷺ کے فرامین کی اہمیت کو بعض لوگوں نے کم کرنے کی کوشش کی ہے۔ کیا ایک



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ کر سکتے تھے یا کر سکتے ہیں اور کیا یہ لوگ خانہ ساز نبوت کے مدعی اور اس کے پیروکاروں کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات کر سکتے ہیں؟ نہیں ہرگز نہیں اس لئے تو میں نے کہا ہے کہ اگر اہلحدیث نہ ہوتے تو مرزائیت کو اصولی قانونی اور دستوری طور پر غیر مسلم اقلیت قرار نہ دلوایا جا سکتا تھا۔ اور میں اپنے ان الفاظ کی صداقت کو ابھی انشاء اللہ العزیز ثابت کرونگا مگر مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس سے پہلے عقیدہ ختم نبوت کے متعلق کچھ گزارشات پیش کر دی جائیں کہ ختم نبوت کا معنی و مفہوم وہی ہے جو لوگوں نے سمجھ رکھا ہے کہ کلمہ تو محمد رسول اللہ ﷺ کا پڑھتے رہو اور عقائد اور اعمال میں اپنی مرضی و خواہشات کے مطابق اپنے پیشوا اور مقتدا کھڑے کر کے ان کی پیروی و تقلید کی آڑ میں کلمہ والے پیغمبر کی تعلیمات ہی نہیں بلکہ خود کلمے کا مذاق بھی اڑاتے رہو؟ جیسا کہ نکی روٹی میں یوں تو تعلیم دی گئی ہے کہ اگر تجھ سے کوئی سوال کرے کہ آپ کلمہ کس کا پڑھتے ہیں تو آپ کہیں کہ محمد رسول اللہ ﷺ کا اور اگر آپ سے یہ پوچھے کہ مذہب کس کا اپنایا ہے تو آپ کہیں کہ امام ابو حنیفہؒ کا (اصل عبارت پنجابی میں ہے جس کو میں نے اردو میں نقل کیا ہے) بھلے مانسو جس پیغمبر کا کلمہ ہے کیا اس کا کوئی مذہب نہ تھا کہ آپ کو کلمے والے پیغمبر ﷺ کو چھوڑ کر ایک امتی کے مذہب کو اپنانا پڑا اور کیا حضرت امام ابو حنیفہؒ کا مذہب رسول اللہ ﷺ کے مذہب کے خلاف تھا؟ مگر افسوس کہ یہ سب کچھ ان لوگوں نے کیا جو زبان سے پڑھتے ہیں

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔

یہ سطور لکھنے کی ضرورت بھی کچھ اس وجہ سے محسوس ہوئی کہ اس قبیل کے کچھ لوگ جن کا تذکرہ ابھی گزرا ہے اپنے آپ کو عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کا ٹھیکیدار اور تحریک ختم نبوت کا نصف ہیرو سمجھتے ہیں بلکہ اس بات کا بڑی شدومد سے پروپیگنڈہ بھی کرتے ہیں کہ جتنا کچھ بھی رد قادیانیت میں ہوا وہ سبھی کچھ ہمارا ہی ہے اور جب اس تحریک کے مختلف ادوار اور مراحل کا تذکرہ کرتے ہیں تو ان کی کوشش ہوتی ہے کہ بس اپنے ہی گھر کے افراد کا تذکرہ کیا جائے خواہ ان کی کچھ مساعی ہو یا نہ ہو دوسرے کسی فرد کا نام نوک قلم پر نہ آ جائے خواہ وہ اس ساری تحریک کا روح رواں ہی کیوں نہ ہو؟

اور ہماری حالت یہ ہے کہ شاید ہم اپنے اسلاف کے کارناموں کا تذکرہ کرنا بھی بدعت سمجھتے ہیں جس شخص کے سینے میں کوئی واقعہ، راز یا معلومات ہوتی ہیں وہ سینے میں لئے ہی قبر کی گہرائی میں اتر جاتا ہے یہی وجہ ہے کہ ہمارے میدان خالی چھوڑنے کی وجہ سے دوسرے لوگوں نے تاریخ نویسی کی بجائے تاریخ سازی کی ہے اور واقعات کو توڑ مروڑ کر اس تکرار سے پیش کیا ہے کہ اصل صورتحال سے عوام کو بے خبر کر دیا ہے بلکہ اس سے بھی دو قدم آگے بڑھ کر انہوں نے ہمارے بزرگوں پر ہی ہاتھ صاف کرنا شروع کر دیا ہے کہ محنت، جدوجہد، اور کوشش کرنے اور قربانیاں دینے والے اہلحدیث بزرگوں کو اپنے کھاتے میں ڈال لیا کیونکہ ہم نے تو نئی نسل کو یہ بتایا ہی نہیں تھا کہ اتنی ڈھیروں دین کیلئے خدمات پیش کرنے والا اہلحدیث کے قافلے کا ہی ایک فرد تھا۔

آج ضرورت ہے اس بات کی کہ اس طرف توجہ دی جائے اپنی اپنی ذات چودہراٹوں کے قیام اور مضبوطی کی فکر چھوڑ کر اس قرض کو چکانے کی کوشش کریں ورنہ قیامت کے دن ان بزرگوں کو اللہ کے سامنے جواب دہی کیلئے تیار رہیں خصوصی طور پر تین موضوعات پر اپنی نئی نسل کے سامنے حقیقی تصویر پیش کی جائے اور لٹریچر اتنا عام کیا جائے کہ ہر چھوٹا بڑا حقائق سے آگاہ ہو سکے۔ (۱) برصغیر میں انگریز کے خلاف اہلحدیث کی خدمات (۲) قیام پاکستان میں اہلحدیث کا حصہ (۳) رد قادیانیت میں اہلحدیث کا کردار۔

رات کا ایک بجنے کو ہے اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزانہ درخواست و دعا ہے اللہ تعالیٰ اس کام کے اہل لوگوں کو یہ توفیق عطا فرمائے کہ وہ اس قرض اور فرض کی ادائیگی سے عہدہ براء ہو سکیں۔

آمین ثم آمین اس سے پہلے کہ مرزائیت کی تردید میں اکابرین اہلحدیث کی جدوجہد، مساعی اور کردار کا تذکرہ کروں مناسب معلوم ہوتا ہے کہ سب سے پہلے عقیدہ ختم نبوت کی وضاحت کر دی جائے کیونکہ مسلمانوں اور مرزائیوں کے اختلاف کی بنیاد ہی عقیدہ ختم نبوت ہے۔ باقی سب مسائل اور موضوعات ثانوی حیثیت رکھتے ہیں۔ حیات مسیح، نزول مسیح، وغیرہ موضوعات تو قادیانیوں نے بڑی چالاکی سے مسلمان مبلغین و مناظرین میں گھسیڑ دیئے ہیں تا کہ اصل مسئلہ سے توجہ ہٹی رہے جیسا کہ آج کل مقلدین حضرات رفع یدین، آمین بالجہر، اور فاتحہ خلف الامام جیسے مسائل میں الجھا کر اصل مسئلہ رد تقلید یا تقلیدی مذاہب کی مروجہ فقہ کی قرآن و حدیث سے مخالفت جیسے بنیادی مسائل کو پس پشت ڈال کر کافی حد تک اپنے آپ کو محفوظ و مامون تصور کرتے ہیں۔ تو مرزائیوں سے اصل اختلاف مسلمانوں کا عقیدہ ختم نبوت ہے کہ اگر تو نبوت کا سلسلہ ختم ہو گیا ہے مرزا قادیانی اور اس کے تمام دعاوی باطل، جھوٹ اور فریب ہیں اور اگر مرزا قادیانی نبی ہے تو پھر اس کے تمام مسائل اور دعاوی بھی درست قرار پائیں گے۔ اس لئے مسلمان مبلغین کو چاہئے کہ جب کبھی مرزائیت سے گفتگو کا موقع ملے تو عقیدہ ختم نبوت کو ہی موضوع گفتگو بنائیں اور اگر مقلدین سے سلسلہ گفتگو جاری ہو تو اہلحدیث کو اس کیلئے تقلیدی مذہب کی مروجہ فقہ کی قرآن و حدیث سے مخالفت گفتگو کا عنوان بنانا چاہئے۔

## عقیدہ ختم نبوت کیا ہے؟

تو آیئے سب سے پہلے تو یہ بات سمجھیں کہ عقیدہ ختم نبوت ہے کیا؟ تا کہ ہمیں یہ بات سمجھنے میں آسانی رہے کہ اس عقیدے کے حامل کون لوگ ہیں

**یہ بات علی وجہ البصیرت کہی جا سکتی ہے کہ روئے زمین پر اگر اہلحدیث کا وجود نہ ہوتا تو قیامت تک فتنہ قادیانیت کو کفر اور قادیانیوں، مرزائیوں کو کافر قرار نہ دیا جا سکتا۔**



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اور اس کے تحفظ کیلئے کون لوگ مساعی کر سکتے ہیں۔

تو ختم نبوت کا معنی و مفہوم جو ہر مسلمان کو معلوم ہونا چاہئے اور یہی عقیدہ بھی ہو اور اس پر عمل بھی کہ رسول اللہ ﷺ کے اعلان نبوت کے بعد اب کسی بھی دوسرے شخص کا دعویٰ نبوت باطل ہے اور اسی طرح رسول اکرم ﷺ کے فرمان کے مقابلے میں کسی دوسرے فرد، ہستی کا فرمان، قول یا عمل بھی حجت نہیں ہے۔ جس طرح وہ شخص ختم نبوت کا منکر ہے حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے بعد کسی دوسرے کو نبی مانتا ہے بعینہ وہ آدمی بھی ختم نبوت کا منکر ہے جو رسول اکرم ﷺ کی شریعت کے بعد کسی دوسرے مذہب، اقوال اور فقہ و فتاوی کو قرآن و حدیث کے مقابلہ میں حجت سمجھتا ہے۔ جس طرح اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کی ذات اقدس پر سلسلہ نبوت کے اختتام کو بیان فرمایا ہے۔ اسی طرح اللہ پاک نے آپ کی تعلیمات اور آپ پر نازل ہونے والی وحی کو بھی شریعت و دین اسلام میں حرف آخر قرار دیا ہے۔ آپ ﷺ اور آپ پر نازل ہونے والی وحی کو بھی شریعت و دین اسلام میں حرف آخر قرار دیا ہے۔ آپ ﷺ کے بعد دعوی نبوت کے انسداد کیلئے ارشاد فرمایا:

ماکان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین وکان اللہ بکل شئی علیما (الاحزاب: ٤٠)

کہ محمد ﷺ تمہارے مردوں میں سے کسی کے حقیقی باپ نہیں لیکن اللہ تعالیٰ کے رسول اور خاتم النبیین ہیں اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔ یہ آیت اپنے مفہوم میں واضح ہے کہ رسول اللہ ﷺ تمام نبیوں کے خاتم ہیں یعنی سب سے آخر میں آنے والے ہیں۔ خاتم لفظ کے معانی اور تشریح کرنے میں مرزائیت نے بہت ذہنی ورزش کی ہے کسی نے کہا خاتم کا معنی مہر ہے۔ کسی نے کہا اس کا معنی افضل ہے حالانکہ خود مرزا قادیانی نے خاتم کا معنی آخری کیا ہے۔ جیسا ازالہ اوھام طبع اول کے صفحہ 614 پر خاتم النبیین کا معنی کیا ہے۔ ختم کرنے والا نبیوں کا۔

اور پھر اس سے بھی بڑھ کر مرزا قادیانی خاتم کا معنی آخری ہی مانتا ہے جیسا کہ تریاق القلوب کے صفحہ 300 پر مرزا قادیانی خود لکھتا ہے کہ اسی طرح پر میری پیدائش ہوئی جیسا کہ میں ابھی لکھ چکا ہوں میرے ساتھ ایک لڑکی پیدا ہوئی جس کا نام جنت بی بی تھا اور پہلے وہ لڑکی پیٹ میں سے نکلی تھی اور بعد اس کے میں نکلا تھا اور میرے بعد میرے والدین کے گھر میں اور کوئی لڑکا یا لڑکی نہیں ہوا اور میں ان کے لئے خاتم الاولاد تھا۔ (تریاق القلوب صفحہ: 300)

اس آیت مبارکہ سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد کوئی دوسرا نہ تو خود نبوت کا دعویٰ کر سکتا ہے۔ اور نہ ہی کسی کو نبی یا رسول کہا جا سکتا ہے۔

اسی طرح آپ کی تعلیم بھی آخری تعلیم ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کی پر عظمت آیات میں ارشاد فرمایا:

والذیومنون بما انزل الیک وما انزل من قبلک وبالآخرۃ ھم یوقنون۔ (البقرۃ: ٤)

کہ ھدایت یافتہ متقی و پرہیزگار وہ لوگ ہیں جو اس چیز پر ایمان لائیں جو اے محمد ﷺ آپ کی طرف نازل کی گئی یعنی قرآن مجید اور اس پر بھی ایمان لائیں جو آپ سے پہلے نازل کی گئی (توراۃ، انجیل وغیرہ) اور آخرت کے متعلق بھی وہ یقین رکھتے ہیں۔ اس آیت مبارکہ میں اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کو واضح طور پر متقین کی نشانیاں بتاتے ہوئے فرمایا کہ ان کیلئے آپ پر نازل کردہ وحی پر ایمان لانا ضروری ہے۔ اور آپ سے پہلے بھی جو وحی اللہ تعالیٰ دوسرے انبیاء کرام علیہم السلام پر نازل فرما چکے ہیں اس پر ایمان لانا ضروری ہے اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے قیامت کا ذکر کر دیا ہے یہ نہیں فرمائی کہ جو آپ کے بعد نازل ہوگا اس پر بھی ایمان لائیں کیونکہ رسول اللہ ﷺ کی شریعت کے بعد تو کوئی نئی شریعت نازل ہی نہیں کی جانی۔

## ایک واقعہ:

یہ غالباً 1995 کی بات ہے رمضان المبارک کا مہینہ تھا راقم ان دنوں مرکزی جامع مسجد اہلحدیث جی ٹی روڈ راہوالی میں خدمت سرانجام دے رہا تھا حضرت مولانا محمد رفیق سلفی صاحب جو کہ وہاں خطیب ہیں اور مرزائیت اور عیسائیت پر تحقیق میں ید طولیٰ رکھتے ہیں اور مرزائیت سے کئی ایک کامیاب مناظرے بھی کر چکے ہیں ایک مناظرہ میں انہوں نے ایک ہزار روپیہ بھی انعام حاصل کیا (ان کا تفصیلی ذکر آگے آ رہا ہے) بہت شفقت فرمایا کرتے تھے اور وقتاً فوقتاً فجر کی نماز کے بعد درس قرآن مجید کیلئے حکم فرما دیا کرتے تھے چونکہ سلفی صاحب قرآن مجید کا ترتیب سے درس دیتے اس لئے راقم الحروف نے بھی قرآن مجید کا ابتداء سے درس دینا شروع کر دیا۔ رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں جبکہ مسجد میں اچھی خاصی رونق تھی سلفی صاحب نے درس کیلئے مجھے حکم ارشاد فرمایا تو اتفاق سے اس دن سورۃ فاتحہ کی آیت صراط الذین انعمت علیہم الخ پر درس ہونا تھا جب سلسلہ درس ختم ہوا تو سلفی صاحب کی رگ شفقت و تحقیق پھڑکی تو انہوں نے فوراً سوال داغ دیا کہ یہ انعام ابھی جاری ہے یا ختم ہو گیا ہے تو میں نے عرض کیا کہ یہ انعام تو اب بھی جاری ہے کیونکہ جن لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے انعام یافتہ قرار دیا ہے ان میں صدیق، شہید، اور صالحین بھی شامل ہیں تو مولانا سلفی صاحب نے نقطہ اٹھایا کہ پھر تو نبوت بھی جاری ہے کیونکہ انعام یافتہ لوگوں میں انبیاء کرام پہلے نمبر پر ہیں جس پر راقم نے عرض کیا کہ نبوت جاری نہیں کیونکہ ختم نبوت کا مسئلہ نص سے ثابت ہے مولانا فرمانے لگے کوئی دلیل؟ ایسے مواقع پر توفیق اللہ ہی دیتا ہے اللہ تعالیٰ کی توفیق سے میں نے سورۃ بقرہ کی یہی زیر بحث آیت پیش کر دی اب اس پر کافی لے دے ہوئی مگر بات چونکہ بڑی واضح اور مضبوط تھی اس لئے سلفی صاحب اصرار کرنے لگے کہ کوئی اور آیت پیش کرو مگر میں بھی حالات کو بھانپ گیا اگر یہاں سے اکھڑ گیا تو پھر قدم نہیں جم سکیں گے میں نے کہا جی سمجھنے کیلئے تو ایک آیت ہی کافی ہے یا پھر آپ پہلے میری اس دلیل کا توڑ کریں تقریباً 45 منٹ کی گفتگو میں کئی باتیں زیر بحث آ گئیں سارا واقعہ بیان کرنا مقصود نہیں صرف ختم نبوت کے مسئلہ میں اس آیت کی بطور دلیل مضبوطی واضح کرنا مقصود ہے۔ آخر میں سلفی صاحب ایک نماز اکرم چیمہ ایڈووکیٹ کو مخاطب کر کے فرمانے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

لگے چیمہ صاحب اب ہم مان ہی جاتے ہیں۔ بعد ازاں انہوں نے مجھ سے معلوم کیا کہ آپ نے سورۃ احزاب کی آیت: ماکان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین: پیش کیوں نہیں کی تو راقم نے عرض کیا کہ خاتم النبیین کے الفاظ پر مرزائیت نے بہت ذہنی ورزش کی ہے۔ اگر وہ میں پیش کر دیتا جیسا کہ آپ کی خواہش تھی تو پھر یہ بحث ختم ہونے میں ہی نہ آتی۔ تو اس واقعہ کے بعد سلفی صاحب نے میری کافی حوصلہ افزائی فرمائی اور مزید کچھ معلومات فراہم کیں اور اسرار و رموز بتائے فجزاہ اللہ احسن الجزاء۔

اسی طرح اللہ تعالیٰ نے ایک مقام پر رسول اللہ ﷺ کی تعلیم کو آخری تعلیم بیان کرتے ہوئے فرمایا: وھذا کتاب انزلناہ مبرک فتبعوہ واتقوا لعلکم ترحمون (الانعام:۱۵۵) اور یہ کتاب ہے ہم نے اس کو نازل کیا بابرکت ہے تو تم اس کی پیروی کرو اور ڈرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

اس آیت سے پہلے اللہ تعالیٰ توراۃ کا ذکر فرماتے ہیں کہ اس کو ہم نے موسیٰ علیہ السلام پر نازل فرمایا اس میں ہر چیز کی تفصیل بھی ہے۔ ہدایت بھی ہے اور رحمت بھی مگر اس کے متصل بعد ہی قرآن مجید کا تذکرہ کر کے اس کے احکام کی پیروی کا حکم فرمانا اس بات کی دلیل ہے کہ قرآن مجید کے نزول کے بعد اب کسی اور بات کو قرآن و حدیث پر ترجیح نہیں دی جا سکتی اور اس بات کو رسول اللہ ﷺ نے بھی اپنی زبان مبارک سے واضح فرما دیا۔ ایک مرتبہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ حاضر خدمت ہوئے ان کے ہاتھ میں توراۃ کا ایک ورق تھا حاضر خدمت ہو کر عرض کیا: ھذہ نسخۃ من التوراۃ۔ اللہ کے رسول ﷺ یہ توراۃ کا ایک نسخہ ہے آپ ﷺ نے کوئی جواب ارشاد نہ فرمایا تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اس کو پڑھنا شروع کر دیا: ووجہ رسول اللہ ﷺ یتغیر۔ اور رسول اللہ ﷺ کے چہرہ مبارک کا رنگ غصے سے سرخ ہونا شروع ہوگیا۔ حضرت ابو بکر صدیق نے یہ ماجرا دیکھ کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: ثکلتک الثواکل ماتری بوجہ رسول اللہ ﷺ کہ عمر تجھے گم پانے والیاں گم پائیں کیا تو رسول اللہ ﷺ کے چہرہ کو نہیں دیکھتا۔ جب حضرت عمرؓ نے دیکھا تو فوراً توراۃ کا ورق چھوڑ دیا اور عرض کرنے لگے: رضینا باللہ ربا وبالاسلام دینا وبمحمد نبیا: کہ اللہ کے رسول ﷺ یہ توراۃ کا ورق تو اچانک ہاتھ

**کلمہ طیبہ پڑھنے کے بعد کسی امتی کی تقلید کرنا پیغمبر ﷺ سے بے وفائی ہے**

لگا اور میں پڑھنے لگ گیا ورنہ میں اللہ تعالیٰ کے رب ہونے اسلام کے دین اور آپ کے نبی ہونے پہ ہی راضی ہوں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اگرچہ بڑے واضح الفاظ میں آپ کی ختم نبوت پر ایمان لانے کا اظہار فرمایا مگر رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: لو بدا لکم موسی فتبعتموہ وترکتمونی لضللتم عن سواء السبیل (دارمی ۱/۱۲۶، مشکوۃ ۱/۳۲) اگر موسیٰ علیہ السلام بھی زندہ ہو کر آ جائیں تو تم مجھے چھوڑ کر ان کی پیروی کرو تو سیدھے راستے سے گمراہ ہو جاؤ گے۔

## قارئین:

غور فرمائیں اگر رسول اللہ ﷺ کی موجودگی میں موسیٰ علیہ السلام کی اتباع گمراہی کا سبب ہے تو قرآن و حدیث کی موجودگی میں کسی امام، پیر، مجتہد، اور مفتی کی تقلید ختم نبوت کے عقیدے پر اثر انداز کیوں نہیں؟ اور میں تو یہ بھی کہتا ہوں کہ کلمہ طیبہ پڑھنے کے بعد کسی امتی کی تقلید کرنا پیغمبر ﷺ سے بے وفائی ہے۔ برادران اسلام: اس طویل بحث سے یہ عرض کرنا مقصود ہے کہ جس طرح یہ عقیدہ رکھنا کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد کوئی دوسرا شخص بھی نبی بن سکتا ہے۔ ختم نبوت کا انکار ہے اسی طرح رسول اللہ ﷺ کی بات کے مقابلے میں کسی دوسرے شخص کی بات قول اور فتوے کو ترجیح دینا بھی عقیدہ ختم نبوت کا صاف صاف انکار ہے۔

آمدم بر سر مطلب:

عقیدہ ختم نبوت کے معنی و مفہوم کی وضاحت کے بعد اب آیئے میں آپ کو بتاؤں ختم نبوت کے تحفظ اور رد قادیانیت و مرزائیت میں اہلحدیث کا کردار کیا ہے۔ اور میں نے اپنی بات کا آغاز ان الفاظ سے کیوں کیا ہے؟ کہ اگر اہل حدیث نہ ہوتے تو مرزائیت کو کافر کہنے کی کوئی جرات نہ کر سکتا تھا۔ اس لئے کہ عقیدہ ختم نبوت کو کما حقہ اپنایا ہی اہلحدیث نے ہے کیونکہ یہی ایک جماعت ایسی ہے جس کا یہ مذہب، مسلک اور عقیدہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد نہ کوئی نبوت کا دعویٰ کر سکتا ہے اور نہ ہی کسی شخص کی خانہ ساز شریعت کسی بھی نام سے چل سکتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مرزا قادیانی پر سب سے پہلے کفر کا فتویٰ اہلحدیث نے ہی طلب کیا اور اہلحدیث نے ہی صادر کیا۔

## مرزا قادیانی پر سب سے پہلے فتویٰ کفر:

عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کے سلسلہ میں اللہ تعالیٰ نے اہلحدیث کو وہ شرف بخشا ہے کہ روئے زمین پر کسی دوسرے کے حصہ میں نہیں آیا کہ مرزا قادیانی پر سب سے پہلے کفر کا فتویٰ لگانے والے اہلحدیث، مرزا قادیانی کو مباہلے کے نتیجہ میں منطقی انجام تک پہنچانے والے اہلحدیث اور پاکستان کے دستور میں مرزا اور مرزائیت کو کافر قرار دلوانے کیلئے آخری چوٹ لگا کر قادیانیت کے تابوت میں آخری کیل ٹھونکنے والے اہلحدیث۔ فللہ الحمد

ایں سعادت بزور بازو نیست
تانہ بخشد بخشندہ خدا

آج کچھ لوگ اس سعادت پر بھی شب خون مارنا چاہتے ہیں کوئی کہتا ہے کہ مرزا قادیانی پر سب سے پہلا کفر کا فتویٰ ہم نے لگایا کوئی مباہلے کا دعویدار بن جاتا ہے تو کوئی تحفظ ختم نبوت کا ہیرو بننے کی کوشش کرتا ہے مگر یہ رتبہ بلند ملا جس کو مل گیا۔ اور حق بحق دار رسید کے مصداق اللہ تعالیٰ نے خوش بختی کا یہ جھومر اہلحدیث کی پیشانی پر سجا دیا ہے۔ الحمد للہ علی ذالک حمدا کثیرا۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

شیخ الکل سید نذیر حسین محدث دھلویؒ:

1891 میں جب مرزا غلام احمد قادیانی سود اللہ وجھہ نے مختلف مراحل میں اور مختلف طریقوں سے ختم نبوت کے عقیدے میں نقب لگانے کی کوشش کی تو سب سے پہلے جس شخصیت نے اس کی لاف زنیوں کا نوٹس لیا اور تحریر و تقریر کے ذریعے اس کے دجل و فریب کا پردہ چاک کیا وہ قافلہ حدیث کے نمایاں کردار حضرت مولانا محمد حسین بٹالوی رحمۃ اللہ علیہ تھے چنانچہ مولانا بٹالوی نے مرزا قادیانی کے لٹریچر سے اس کے عقائد اور دعاوی کا ایک مرقع تیار کر کے شیخ الکل حضرت میاں سید نذیر حسین دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں بطور سوال پیش کیا کہ کیا ان عقائد و دعاوی کا حامل شخص مسلمان ہو سکتا ہے؟ کیونکہ اس وقت برصغیر حضرت میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ اپنے علم وفضل، تقویٰ و پرہیز گاری، للھیت اور جاہ وجلال کی بناء پر دنیائے علم کے بلاشرکت غیرے بے تاج بادشاہ تھے۔ حضرت میاں صاحب رحمۃ اللہ نے دلائل و براہین سے مزین طویل فتویٰ تحریر کیا کہ مرزا غلام احمد قادیانی اپنے ان غیر شرعی عقائد و دعاوی کی بنا پر دائرہ اسلام سے خارج اور پکا کافر ہے اور جو بھی اس کا پیروکار ہوگا وہ بھی کافر ہی ہوگا۔

## سفیر ختم نبوت حضرت مولانا ابو سعید محمد حسین بٹالوی رحمۃ اللہ علیہ

مرزا غلام احمد قادیانی نے جب مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کیا تو سب سے پہلے جس شخصیت نے حالات کا تجزیہ کرتے ہوئے خطرے کو بھانپ کر مرزا قادیانی کے خلاف محاذ قائم کیا وہ مولانا محمد حسین بٹالوی رحمۃ اللہ علیہ تھے مولانا بٹالوی نے مرزا قادیانی کے لٹریچر سے اس کے دعاوی اور نظریات کا ایک مرقع تیار کر کے شیخ الکل مولانا سید نزیر حسین محدث دہلویؒ کی خدمت میں پیش کر کے استفسار کیا کہ کیا ان نظریات کا حامل شخص مسلمان کہلانے کا حق رکھتا ہے تو میاں صاحبؒ نے بڑا مدلل، مسکت اور مفصل جواب تحریر کیا اور یہ فتویٰ جاری کیا کہ مرزا قادیانی کے نظریات و دعاوی چونکہ اسلام کی تعلیمات کے منافی ہیں اس لئے مرزا غلام قادیانی اپنے ان بے ہودہ غیر شرعی نظریات کی بناء پر کافر، دجال اور کذاب ہے۔ اور اپنے اس فتویٰ کو بڑے قوی اور مضبوط دلائل سے مزین فرمایا یہی وجہ ہے کہ میاں صاحب کے اس فتویٰ پر ہندوستان کے اکثر علماء نے صرف تائیدی دستخط کرنے پر ہی اکتفا کیا کہ اس تحریر پر مزید کچھ کہنے اور لکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

پھر اس فتویٰ کو لیکر مولانا بٹالوی رحمۃ اللہ علیہ نے پورے چھ ماہ میں پورے ہندوستان میں گھوم پھر کر دیگر علماء سے تائیدی دستخط کروائے اور علمائے اسلام کی طرف سے متفقہ فتویٰ کی حیثیت سے اس کو اپنے رسالہ اشاعۃ السنۃ میں شائع فرما دیا۔ جیسے ہی اس فتویٰ کی اشاعت ہوئی پھر تو مرزائیت کے ایوانوں میں گویا زلزلہ برپا ہوگیا اور قادیانیت پر سوگ کی کیفیت طاری ہوگئی جس کا اندازہ مرزا قادیانی کے ان الفاظ سے لگایا جا سکتا ہے جو اس نے اس کے بعد کہے تھے اور پھر مرزا قادیانی کے الفاظ سے یہ حقیقت بھی عیاں ہوجاتی ہے۔ کہ مرزا غلام احمد قادیانی اور مرزائیت و قادیانیت کو سب سے پہلے کافر قرار دینے والے اہلحدیث ہی تھے چنانچہ آیئے قادیانی کے اپنے الفاظ میں پڑھیئے: مرزا قادیانی کیا لکھتا ہے؟

اور اسی بناء پر اس عاجز کا نام بھی کافر اور ملحد اور زندیق اور دجال رکھا گیا ہے بلکہ دنیا کے تمام کافروں اور دجالوں سے بدتر قرار دیا گیا ہے اس فتنہ اندازی کے اصل بانی مبانی ایک شیخ صاحب محمد حسین نام ہیں جو بٹالہ ضلع گورداسپور میں رہتے ہیں اور جیسے اس زمانہ کے اکثر ملاں تکفیر میں مستعجل ہیں اور قبل اس کے جو کسی قول کے تہہ تک پہنچیں اس کے قائل کو کافر ٹھہرا دیتے ہیں یہ عادت شیخ صاحب موصوف میں اوروں کی نسبت بہت کچھ بڑھی ہوئی معلوم ہوتی ہے اور اب تک جو ہم پر ثابت ہوا ہے وہ یہی ہے کہ شیخ صاحب کی فطرت کو تدبیر اور غور اور حسن ظن کا حصہ قسام ازل سے بہت ہی کم ملا ہے اسی وجہ سے پہلے سب سے استفتاء کا کاغذ ہاتھ میں لیکر ہر طرف یہی صاحب دوڑے چنانچہ سب سے پہلے کافر اور مرتد ٹھہرانے میں میاں نذیر حسین دہلوی نے قلم اٹھائی اور بٹالوی صاحب کے استفتاء کو اپنی کفر کی شہادت سے مزین کیا ........ غرض بانی استفتاء بطالوی (مخالفت و عداوت کی وجہ سے مرزا مولانا محمد حسین کو بٹالوی کی بجائے بطالوی کہتا اور لکھتا تھا) صاحب اور اول المنکرین میاں نذیر حسین صاحب ہیں اور باقی سب ان کے پیرو ہیں جو اکثر بٹالوی صاحب کی دلجوئی اور دہلوی صاحب کے حق استادی کی رعایت سے ان کے قدم پر قدم رکھتے گئے (آئینہ کمالات اسلام ص ۲۹۔۲۸)

اور ایک دوسری جگہ مذکورہ کتاب کے صفحہ ۲۱۵ پر میاں سید نذیر حسین دہلوی اور مولانا محمد حسین بٹالوی رحمۃ اللہ علیہ کو آئمۃ التکفیر قرار دیتا ہے۔

اس طویل اقتباس سے یہ بات روز روشن کی طرح واضح ہو جاتی ہے کہ مرزا قادیانی کو سب سے پہلے کافر قرار دینے اور دلوانے والے اہلحدیث ہی تھے اور پھر مولانا بٹالوی رحمۃ اللہ نے مرزا قادیانی کے کفر اور دجل و فریب کو اپنے رسالہ اشاعۃ السنۃ کے ذریعے بھی طشت از بام کیا حتیٰ کہ مرزا قادیانی کو عدالتوں میں گھسیٹ کر ذلیل و رسوا کرنے والی ہستی بھی اہلحدیث کے سرخیل مولانا محمد حسین بٹالوی رحمۃ اللہ علیہ ہی تھے۔

## شیر پنجاب فاتح قادیان شیخ الاسلام حضرت مولانا ثناء اللہ امرتسری رحمۃ اللہ علیہ

رد قادیانیت کے سلسلہ میں جب بھی کوئی مصنف، خطیب، مبلغ اور مورخ تذکرہ کریگا تو اس وقت تک تحریک تحفظ ختم نبوت کی تاریخ مکمل نہیں ہوگی جب تک وہ رد قادیانیت اور مرزائیت میں اہلحدیث کی خدمات جلیلہ کو بیان نہیں کریگا کیونکہ رد مرزائیت میں اہلحدیث کی مساعی اظہر من الشمس ہے مگر بعض لوگوں نے تاریخ سے اس قدر بد دیانتی کر کے اپنے تعصب کا اظہار کیا ہے یا تو اہلحدیث کی جدوجہد کا ذکر تک نہیں کیا جاتا اور اگر کہیں ناچار ذکر کرنا بھی پڑے تو سرسری سا اور بڑے بودے انداز میں اس کو بیان کریں گے مگر سرخیل اہلحدیث شیر پنجاب مولانا ثناء اللہ امرتسری کی شخصیت اس میدان میں اس قدر قد آور ہے کہ بڑے سے بڑا متعصب بھی ان کا ذکر کیے بغیر آگے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

نہیں گزر سکتا اور برصغیر میں صرف مولانا امرتسری رحمۃ اللہ علیہ کی واحد ذات ایسی تھی جن کو مرزائیت کا ناطقہ بند کرنے کی وجہ سے شیر پنجاب اور فاتح قادیاں جیسے عظیم القاب سے مسلمانوں کی طرف سے متفقہ طور پر حق دار سمجھا گیا چنانچہ مولانا اللہ وسایا صاحب حنفی دیوبندی فرماتے ہیں: آپ نے مرزا غلام احمد قادیانی آنجہانی سے مناظرے، مباحثے اور مقابلے کئے اس لئے آپ کو شیر پنجاب کہا جاتا ہے۔ اور مرزا غلام احمد قادیانی نے آخری عمر میں اعلان کیا تھا کہ میں اگر سچا ہوں تو میری زندگی میں مولوی ثناء اللہ کسی وبائی مرض میں مبتلا ہو کر مر جائیں گے اور اگر وہ سچے ہیں تو میں ان کی زندگی میں مر جاؤں گا۔ لحمد للہ حضرت مولانا ثناء اللہ کی زندگی میں مرزا قادیانی ہیضہ جو ایک وبائی مرض ہے اس کا شکار ہو کر آنجہانی ہو گیا اس لئے آپ کو فاتح قادیاں کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے (تذکرہ مجاہدین ختم نبوت:۱۱۹)

ایک دوسری جگہ لکھتے ہیں قادیانی آپ کا نام سن کر لرزہ براندام ہو جایا کرتے تھے بارہا ایسا ہوا کہ کسی مناظرہ کی تحریک ہوئی لیکن صرف یہ سن کر کہ اس مناظرہ میں مولانا امرتسری پیش ہونگے قادیانیوں نے دست کشی اختیار کر لی (تذکرہ مجاہدین ختم نبوت:۱۲۶)

اسی طرح ایک اور حنفی عالم مولانا ابو الحسن علی ندوی مولانا امرتسری رحمۃ اللہ کی رد قادیانیت میں خدمات جلیلہ کا تذکرہ کرتے ہوئے رقمطراز ہیں۔ مرزا غلام احمد صاحب نے جب 1891 میں مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کیا پھر 1901 میں نبوت کا دعویٰ کیا تو علمائے اسلام نے ان کی تردید و مخالفت شروع کی۔ تردید و مخالفت کرنے والوں میں مشہور عالم مولانا ثناء اللہ امرتسری مدیر اہلحدیث پیش پیش اور نمایاں تھے۔

(قادیانیت مطالعہ و جائزہ ص ۲۸) یہ اس گروہ باصفا کے دو ممتاز علماء کی شہادت ہے جو اہلحدیث سے قادیانی کی مخالفت کا اعزاز چھین لینے کی فکر میں رہتے ہیں۔ آج بھی ان حالات میں کہ جب اہلحدیث اپنی گروہی سیاست کا شکار ہو چکے ہیں اور لیڈر شپ فقط اپنے اپنے مناصب کے تحفظ اور اپنی ذات کو نمایاں کرنے میں مصروفیت کی بنا پر من حیث الجماعت سستی و غفلت کی وجہ سے اپنی اصل ذمہ داریوں کو فراموش کر چکی ہے۔ رد قادیانیت میں اگر سب سے زیادہ لٹریچر اور تحریری مواد موجود ہے تو وہ اہلحدیث مصنفین کا ہے اور ان میں بھی سب سے زیادہ تعداد میں کتب و رسائل اگر کسی شخصیت کے ہیں تو وہ ابوالوفاء مولانا امرتسریؒ کی ذات گرامی ہے مولانا نے چھوٹی بڑی بیسیوں کتابیں رد قادیانیت میں تصنیف فرمائیں جن میں سے چند معروف کتب یہ ہیں:

۱۔الہامات مرزا۔ ۲۔ ہفوات مرزا۔۳۔صحیفہ محبوبیہ۔۴۔ فاتح قادیاں۔۵۔ آفتہ اللہ۔۶۔ فتح ربانی در مباحثہ قادیانی۔۷۔ عقائد مرزا۔۸۔ چیستان مرزا۔۹۔مرقع قادیانی۔۱۰۔راز قادیاں۔۱۱۔فسخ نکاح مرزائیاں۔۱۲۔ تاریخ مرزا۔۱۳۔نکاح مرزا۔۱۴۔شاہ انگلستان اور مرزائے قادیاں۔۱۵۔ عجائبات مرزا۔۱۶۔ نکات مرزا۔۱۷۔قادیانی مباحثہ دکن۔۱۸۔شہادات مرزا۔۱۹۔ہندوستان کے دو ریفارمر۔۲۰۔محمد قادیانی۔ ۲۱۔مراق مرزا۔۲۲۔تعلیمات مرزا۔۲۳۔فیصلہ مرزا۔۲۴۔تفسیر نویسی کا چیلنج اور فرار۔۲۵۔علم کلام مرزا۔ ۲۶۔ بہاء اللہ اور مرزا۔۲۷۔ عشرہ کاملہ۔۲۸۔ اباطیل مرزا۔ ۲۹۔تحفہ احمدیہ۔۳۰۔مکالمہ احمدیہ۔ ۳۱۔بطش قدیر بر قادیانی تفسیر کبیر۔۳۲۔لیکھ رام اور مرزا۔۳۳۔ ناقابل مصنف مرزا۔۳۴۔تحفہ مرزائی۔۳۵۔محمود مصلح موعود۔۳۶۔رسائل اعجازیہ

ان کے علاوہ بھی مولانا ابوالوفاء رحمۃ اللہ علیہ کی کئی تصانیف قادیانیت کے رد میں ہیں اور مرزائیت سے مناظرے و مباحثے سینکڑوں کی تعداد میں مرزائیوں سے ہوئے اور ہزاروں کی تعداد میں مرزائیت کے خلاف تقاریر کیں اور مقالات لکھے حتیٰ کہ قادیانیت کی تردید کیلئے ہفت روزہ اہلحدیث اور ماہنامہ مرقع قادیاں جاری فرمایا جو کہ پورے کا پورا مکمل طور پر رد قادیانیت کیلئے ہی وقف تھا جس کی چند کاپیاں مکتبہ جامعہ سلفیہ فیصل آباد میں موجود ہیں۔

ایک دفعہ 1903 میں آپ مرزا قادیانی کے گھر قادیاں میں چلے گئے کیونکہ مرزا قادیانی نے یہ اعلان کر رکھا تھا کہ مولانا ثناء اللہ امرتسریؒ قادیاں نہیں آسکتے مگر مولانا ثناء اللہ کو اللہ تعالیٰ نے شیر کا حوصلہ اور چیتے کا جگر عطا فرمایا تھا کہ مولانا بے خوف و خطر قادیاں میں چلے گئے اور مرزا کو للکارا مگر وہ بھیگی بلی بنا گھر میں ہی دبکا رہا اور اسے مولانا امرتسری کے مقابلہ میں آنے کی جرات نہ ہوئی فللہ الحمد۔ اسی طرح وہ قافلہ اہلحدیث کے حدی خواں مولانا امرتسری رحمۃ اللہ علیہ ہی تھے جنہوں نے 1912 میں لدھیانہ میں مرزائیوں کو ایک مناظرہ ہمیں شکست فاش دیکر 300 روپیہ انعام کا جیتا تھا۔

اسی طرح 1909 میں مرزائیوں سے رام پور میں ایک زبردست مناظرہ ہوا جس میں ہندوستان بھر سے ایک سو چوٹی کے علماء موجود تھے مگر مرزائیت سے مناظرہ کیلئے جس شخص کا انتخاب ہوا وہ مسلک اہلحدیث کے ترجمان مولانا ثناء اللہ امرتسری تھے۔ رحمہ اللہ رحمۃ واسعۃ وجزاہ عن سائر المومنین۔ مولانا ثناء اللہ امرتسریؒ کی رد قادیانیت میں خدمات کا تذکرہ کرتے ہوئے شورش کاشمیری نے لکھا ہے جن اہلحدیث علماء نے مرزا صاحب اور ان کے بعد قادیانی امت کو زیر کیا ان میں مولانا بشیر سہسوانی، قاضی محمد سلیمان منصور پوری اور مولانا محمد ابراہیم سیالکوٹی سرفہرست تھے لیکن جس شخصیت کو علمائے اہلحدیث میں فاتح قادیاں کا لقب ملا وہ مولانا ثناء اللہ امرتسری تھے انہوں نے مرزا صاحب اور ان کی جماعت کو لوہے کے چنے چبوا دیے اپنی

> جس طرح رسول اللہ ﷺ کے اعلان نبوت کے بعد دعویٰ نہیں ہو سکتا۔ اسی طرح آپ کی شریعت کے بعد کسی دوسرے کے اقوال و فتاویٰ بھی قرآن و حدیث کے مقابلہ میں دین حجت نہیں ہو سکتے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

زندگی ان کے تعاقب میں گزاردی۔ان کی بدولت قادیانی جماعت کا پھیلاؤ رک گیا۔ (تحریک ختم نبوت:۴۰) رد قادیانیت میں مولانا امرتسریؒ کی خدمات واقعی بہت زیادہ اور بہت نمایاں ہیں۔جن کا احاطہ کرنا اس مضمون میں ممکن ہی نہیں اس لئے تمام بزرگوں کا اختصار کے ساتھ بطور اعشاریہ تذکرہ کررہا ہوں کہ شاید کوئی صاحب قلم اس طرف توجہ فرمائیں اور اس موضوع پر بالتفصیل لکھیں۔

گذشتہ سطور میں یہ تحریر کیا جاچکا ہے کہ مرزا اور اس کی جماعت کو سب سے پہلے کافر قرار دینے والے اہلحدیث تھے جس کی تفصیل گزر چکی ہے۔اور مرزا قادیانی کو منطقی انجام تک پہنچانے کا سبب بھی اللہ تعالیٰ نے اہلحدیث کو بنایا جس کا ذکر کئے بغیر مولانا امرتسری رحمۃ اللہ علیہ کی خدمات کا تذکرہ ادھورا ہے اور 1974 میں جب مرزائیت کو قانونی و دستوری طور پر غیر مسلم قرار دیا گیا تو اس وقت مرزا ناصر سے اٹارنی جنرل نے جو آخری سوال کیا اور جس کا مرزا ناصر جواب نہ دے سکا تھا بعد ازاں ان کو کافر قرار دے دیا گیا وہ بھی اہلحدیث کا ہی تیار کردہ تھا۔جس کا تذکرہ ان شاء اللہ آئندہ سطور میں ہوگا۔ اب اس وقت مرزا قادیانی کے انجام کے متعلق بتانا چاہتا ہوں مولانا ثناء اللہ امرتسری رحمۃ اللہ علیہ نے جب مرزا اور مرزائیت کا ناطقہ بند کردیا تو تنگ آکر مرزا قادیانی نے مولانا امرتسری سے مباہلہ کیا جس کے نتیجہ میں وہ ذلت کی موت مرگیا اور مولانا اس کی موت کے 40 سال بعد تک زندہ رہے۔

## آخری فیصلہ:

مرزا قادیانی کے ساتھ مولانا کا یہ مباہلہ تاریخ میں آخری فیصلہ کے نام سے معروف ومشہور ہوا اور مرزا قادیانی کے اس خط کو تقریباً ہر اس مورخ نے مفصل یا مختصر نقل کیا ہے جس نے بھی مولانا امرتسری کا تذکرہ کیا ہے مگر میں اس وقت تفسیر ثنائی سے مرزا کا وہ خط مکمل نقل کرنا چاہتا ہوں لیجئے ملاحظہ فرمایئے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

یستنبئونک احق ھو قل ای وربی انہ لحق۔ بخدمت مولوی ثناء اللہ صاحب، السلام علی من اتبع الھدی۔مدت سے آپ کے پرچہ اہلحدیث میں میری تکذیب اور تفسیق کا سلسلہ جاری ہے ہمیشہ مجھے آپ اپنے اس پرچہ میں مردود کذاب دجال مفسد کے نام سے منسوب کرتے ہیں اور دنیا میں میری نسبت شہرت دیتے ہیں یہ شخص مفتری اور کذاب اور دجال ہے۔اور اس شخص کا دعویٰ مسیح موعود ہونے کا سراسر افترا ہے۔ میں نے آپ سے بہت دکھ اٹھایا اور صبر کرتا رہا مگر چونکہ میں دیکھتا ہوں کہ میں حق پھیلانے کیلئے مامور ہوں اور آپ بہت سی افترا میرے پر کرکے دنیا کو میری طرف آنے سے روکتے ہیں اور مجھے ان گالیوں اور تہمتوں اور ان الفاظ سے یاد کرتے ہیں کہ جن سے بڑھ کر کوئی سخت لفظ نہیں ہوسکتا۔اگر میں ایسا ہی کذاب اور مفتری ہوں جیسا کہ اکثر اوقات آپ اپنے ہر ایک پرچہ میں مجھے یاد کرتے ہیں تو میں آپ کی زندگی میں ہلاک ہوجاؤں گا کیونکہ میں جانتا ہوں کہ مفسد اور کذاب کی بہت عمر نہیں ہوتی اور آخر وہ ذلت اور حسرت کے ساتھ اپنے دشمنوں کی زندگی میں ناکام ہلاک ہوجاتا ہے اور اس کا ہلاک ہونا ہی بہتر ہے۔

تاکہ خدا کہ بندوں کو تباہ نہ کرے اور اگر میں کذاب اور مفتری نہیں ہوں اور خدا کے مکالمہ اور مخاطبہ سے مشرف ہوں اور مسیح موعود ہوں تو خدا کے فضل سے امید رکھتا ہوں کہ آپ سنت اللہ کے موافق مکذبین کی سزا سے نہیں بچیں گے پس اگر وہ سزا جو انسان کے ہاتھوں سے نہیں بلکہ محض خدا کے ہاتھوں سے ہے جیسے طاعون ہیضہ وغیرہ مہلک بیماریاں آپ پر میری زندگی میں ہی وارد نہ ہوئیں تو میں خدا کی طرف سے نہیں یہ کسی الہام یا وحی کی بنا پر پیشین گوئی نہیں بلکہ محض دعا کے طور پر میں نے خدا سے فیصلہ چاہا ہے۔اور میں خدا سے دعا کرتا ہوں کہ اے میرے مالک بصیر وقدیر جو علیم و خبیر ہے جو میرے دل کی حالت سے واقف ہے اگر یہ دعویٰ مسیح موعود ہونے کا محض میرے نفس کا افترا ہے اور میں تیری نظر میں مفسد اور کذاب ہوں اور دن رات افترا کرنا میرا کام ہے تو اے میرے مالک میں عاجزی سے تیری جناب میں دعا کرتا ہوں کہ مولوی ثناء اللہ صاحب کی زندگی میں مجھے ہلاک کردے اور میری موت سے انکو اور ان کی جماعت کو خوش کردے۔آمین۔مگر اے میرے کامل اور صادق خدا اگر مولوی ثناء اللہ ان تہمتوں میں مجھ پر جو لگاتا ہے حق پر نہیں ہے تو میں عاجزی سے تیری جناب میں دعا کرتا ہوں کہ میری زندگی میں ہی ان کو نابود کردے مگر نہ انسانی ہاتھوں سے بلکہ طاعون و ہیضہ وغیرہ امراض مہلکہ سے بجز اس صورت کے کہ وہ کھلے طور پر میرے روبرو اور میری جماعت کے سامنے ان تمام گالیوں اور بدزبانیوں سے توبہ کرے جن کو وہ فرض منصبی سمجھ کر ہمیشہ مجھے دکھ دیتا ہے آمین یا رب العالمین۔میں ان کے ہاتھ سے بہت ستایا گیا اور صبر کرتا رہا مگر اب میں دیکھتا ہوں کہ ان کی بدزبانی حد سے گزر گئی وہ مجھے ان چوروں اور ڈاکوؤں سے بھی بدتر جانتے ہیں جن کا وجود دنیا کیلئے سخت نقصان رساں ہوتا ہے۔اور انہوں نے ان تہمتوں اور بدزبانیوں میں آیت لاتقف ما لیس لک بہ علم پر بھی عمل نہیں کیا اور تمام دنیا سے مجھے بدتر سمجھ لیا اور دور دور ملکوں تک میری نسبت یہ پھیلا دیا کہ یہ شخص درحقیقت مفسد اور ٹھگ اور دوکاندار اور کذاب اور مفتری اور نہایت درجہ کا بدآدمی ہے۔سو اگر ایسے کلمات حق کے طالبوں پر بداثر نہ ڈالتے تو میں ان تہمتوں پر صبر کرتا مگر میں دیکھتا ہوں کہ مولوی ثناء اللہ انہی تہمتوں کے ذریعے سے میرے سلسلہ کو نابود کرنا چاہتا ہے اور اس عمارت کو منہدم کرنا چاہتا ہے جو تو نے میرے آقا اور میرے بھیجنے والے اپنے ہاتھ سے بنائی ہے اس لئے اب میں تیرے ہی تقدس اور رحمت کا دامن پکڑ کر تیری جناب میں ملتجی ہوں کہ مجھ میں اور ثناء اللہ میں سچا فیصلہ فرما اور جو تیری نگاہ میں حقیقت میں



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

مفسد اور کذاب ہے اس کو صادق کی زندگی میں ہی دنیا سے اٹھا لے یا کسی اور سخت آفت میں جو موت کے برابر ہو مبتلا کر اے میرے پیارے مالک تو ایسا ہی کر آمین ثم آمین۔ ربنا افتح بيننا وبين قومنا بالحق وانت خير الفاتحين آمين۔

بالآخر مولوی صاحب سے التماس ہے کہ وہ میرے اس مضمون کو اپنے پرچہ میں چھاپ دیں اور جو چاہیں اس کے نیچے لکھ لیں اب فیصلہ خدا کے ہاتھ میں ہے۔

الراقم: عبدالصمد مرزا غلام احمد مسیح موعود، عافاہ اللہ وایدہ (مرقومہ: 18 اپریل 1907)

(بحوالہ تفسیر ثنائی: ۸۱۸) یہ طویل ترین خط بار بار پڑھیں اور اندازہ لگائیں کہ مرزا قادیانی مولانا امرتسری رحمۃ اللہ علیہ سے کس قدر تنگ ہے کہ اتنی عاجزی و انکساری سے دعا کر رہا ہے۔ اور اس بات پر اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کریں کہ جس طرح ملت قادیانیہ کے کفر کا فتویٰ سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے اہلحدیث کے ہاتھوں جاری کروایا اسی طرح مرزا قادیانی کی موت کا سبب بھی اللہ تعالیٰ نے اہلحدیث کے ہی کل سر بسند مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ امرتسری رحمۃ اللہ علیہ کو بنا دیا کیونکہ اس دعا کے ایک سال اور چند دن بعد مرزا قادیانی مورخہ 26 مئی 1908 کو ہیضہ کی بیماری سے لاہور میں مر گیا اور مولانا امرتسری صاحب مرزا کی موت کے چالیس سال بعد تک زندہ رہے اور 15 مارچ 1948 کو سرگودھا میں وفات پائی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اللھم اغفرلہ وارحمہ وعافہ واعف عنہ۔

## حضرت مولانا محمد بشیر سہسوانی رحمۃ اللہ علیہ

یوں تو قادیانیت کے خلاف ہر ہر اہلحدیث نے ہر دور میں اپنا اپنا کردار ادا کیا مگر بعض علمائے کرام نے تو فتنہ قادیانی کی تردید اپنی زندگی مقصد بنا لیا تھا ان میں سے ایک جماعت اہلحدیث کے ممتاز عالم دین مولانا محمد بشیر سہسوانی رحمۃ اللہ علیہ بھی تھے ان کے علم و فضل کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ انہوں نے دہلی میں درس و تدریس کا سلسلہ شروع کیا تو مسلسل تین ماہ تک روزانہ بعد نماز فجر نماز میں امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ پڑھنے کی فرضیت پر درس ارشاد فرماتے رہے جو بعد میں برھان العجاب فی فرضیت ام الکتاب کے نام سے کتابی شکل میں شائع ہوئے۔ جب علمائے اہلحدیث نے مرزا قادیانی پر کفر کا فتویٰ صادر کیا تو مرزا تلملا اٹھا اور اسی بدحواسی میں دہلی کا رخ کیا اور میاں سید نذیر حسین دہلوی کو مناظرے کا چیلنج دے دیا آگے شورش کاشمیری کے الفاظ میں پڑھیے:

میاں صاحب سو برس سے اوپر ہو چکے اور انتہائی کمزور تھے آپ نے مرزا صاحب کے چیلنج کو اپنے تلامذہ کے سپرد کیا مرزا صاحب اپنی عادت کے مطابق فرار ہو گئے جن اہلحدیث علماء نے مرزا صاحب اور ان کے بعد قادیانی امت کو زیر کیا انمیں مولانا بشیر سہسوانی، قاضی محمد سلیمان منصور پوری، اور مولانا محمد ابراہیم سیالکوٹی سرفہرست تھے۔ (تحریک ختم نبوت: ۴۰) مرزا کے اس چیلنج کے مقابلہ میں مولانا سہسوانی میدان مناظرہ میں اترے اور مرزا قادیانی کو ایسی عبرتناک شکست دی کہ وہ ذلیل ہو کر دوران مناظرہ دہلی سے ہی فرار ہو گیا اس مناظرہ کا حال خود مولانا کی زبانی سنیے فرماتے ہیں چھ روز تک سلسلہ مباحثہ جاری رہا چھٹے روز کے تین پرچے میرے ہو چکے تھے۔ اور تین پرچے مرزا صاحب کے پہلی ہی بحث کو ناتمام چھوڑ کر مباحثہ قطع کیا اس وقت ایک مضمون جو پہلے سے بنظر احتیاط لکھ رکھا تھا اور وہ متضمن تھا اس امر پر کہ مرزا صاحب کی جانب سے نقض عہد و مخالفت شرط ہوئی۔ مرزا صاحب کی موجودگی میں سب حاضرین جلسہ کو سنا دیا گیا حاضرین جلسہ مرزا صاحب کو الزام دیتے تھے مگر مرزا صاحب نے ایک نہ سنی اسی روز تہیہ سفر کے شب کو دہلی سے تشریف لے گئے مرزا صاحب کے یہ افعال اول دلیل ہیں کہ ان کے پاس اصل مسئلہ یعنی ان کے مسیح موعود ہونے کی کوئی دلیل نہیں ہے۔ مرزا قادیانی کے فرار کے بعد مولانا سہسوانی مزید دو روز تک دہلی میں مقیم رہے اور پھر واپس بھوپال تشریف لے گئے۔ اس مناظرہ کی روئیداد الحق الصریح فی اثبات حیاۃ المسیح کے نام سے مولانا نے مرتب کر کے شائع کی۔ (قادیانیت اپنے آئینے میں: ۲۶۵)

## امام العصر حضرت مولانا محمد ابراھیم میر سیالکوٹی رحمۃ اللہ علیہ

مولانا میر سیالکوٹی کا نام بھی رد قادیانیت میں نمایاں ہے مولانا نے مرزائیوں سے بیسیوں مناظرے و مباحثے کئے اور مولانا امرتسری کے دست بازو بھی بنے رہے اس وقت اختصار کی وجہ سے صرف ان کی رد قادیانیت میں تصنیف کی جانے والی کتب کے تذکرہ پر ہی اکتفا کیا جاتا ہے۔

(۱) شہادۃ القرآن جو دو حصوں پر مشتمل ہے جس میں حیاۃ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر بحث کی گئی ہے اور مرزائیوں کے دلائل و اعتراضات کا رد کیا گیا ہے اس کتاب کی افادیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے۔ کہ یہ کتاب احناف بھی شائع کی بلکہ اس کو اپنے بعض مدارس میں شامل نصاب کیا۔

(۲) مسلم الوصول الی اسرار اسراء الرسول ﷺ (۳) نزول الملائكة والروح الى الارض (٤) آئینہ قادیانیت (٥) الخبر الصحيح عن قبر المسيح (٦) مرقع قادیانی (٧) فیصلہ ربانی برمرگ قادیانی (٨) رحلت قادیانی بمرگ ناگھانی (٩) رسائل ثلاثه (١٠) صدائے حق (١١) تردید مغالطات مرزائیه (١٢) فص خاتم نبوت (١٣) کھلی چتھی نمبر ١، نمبر ٢ (١٤) ختم نبوت (١٥) قادیانی مذھب مع ضمیمه خلاصه مسائل قادیانیه (١٦) ختم نبوت اور مرزا قادیاں۔ اس کے علاوہ اپنے خطبات اور جماعتی اخبار و رسائل میں مضامین کی صورت میں مرزائیت کی تردید کے ساتھ ساتھ عملی طور پر بھی ہر جگہ مرزائیت کا ناطقہ بند کئے رکھا۔

مولانا اللہ وسایا حنفی لکھتے ہیں کہ مرزا قادیانی کے خلاف جن علماء حق نے مرزا قادیانی کے زمانہ میں ہی معرکہ حق و باطل کا بازار گرم کئے رکھا ان میں ایک عالم دین مولانا میر ابراہیم سیالکوٹی تھے جو اسی ضلع کے ہیڈ کوارٹر کے باسی تھے۔ پروفیسر ساجد میر سے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

معروف اہلحدیث رہنما کے مورث اعلیٰ تھے انہوں نے مرزا قادیانی کے خلاف شہرۂ آفاق کتاب شہادۃ القرآن فی حیات ونزول عیسیٰؑ تحریر کی جسے عالمی مجلس تحفظ نبوت کے مرکزی دفتر ملتان نے بار ہا شائع کیا ہے مرزائیت کے اثرورسوخ کو سیالکوٹ میں بڑھتا دیکھ کر یہ بھی مرزائیت کے خلاف برسرپیکار ہے (تحریک ختم نبوت: ۱۹۵۳ء، ۵۰۶)

## مولانا عبدالحق غزنوی رحمۃ اللہ علیہ

مولانا غزنویؒ بھی رد قادیانیت میں پیش پیش تھے حتیٰ کہ اپنے خطبات کے علاوہ اشتہارات کے ذریعے مرزائیت کے تار پود بکھیرتے رہے یہاں تک کہ تنگ آکر مرزا قادیانی نے ان سے مباہلہ کیا یہ مباہلہ 10 ذی قعدہ 1310 ہجری بمطابق جون 1893 کو عیدگاہ امرتسر میں ہوا۔ اسکے نتیجے میں مرزاء قادیانی کی پیشین گوئی جو اس نے محمدی بیگم کے خاوند کی موت اور ڈپٹی عبداللہ آتھم کی موت کے بعد متعلق کی تھی مگر وہ مرزا کی مقرر کردہ تاریخوں پر نہ مرے اور مرزا کو ذلیل رسوا ہونا پڑا حتیٰ کہ مرزا قادیانی مولانا عبدالحق غزنوی اہلحدیثؒ کی زندگی میں ہی لاہور میں ذلت کی موت مرا اور اس کی لاش پر لوگوں نے اینٹ، پتھر برسائے، حتیٰ کہ گندگی اور پاخانے تک پھینکے گئے۔

## شورش کاشمیری کا فیصلہ:

جیسا کہ میں گزشتہ سطور میں تحریر کر چکا ہوں کہ ہر ہر اہلحدیث مرزائیت کے خلاف کمربستہ تھا مرزائیت کے خلاف اٹھنے والی دونوں تحریکوں 1953 - 1974 میں اہلحدیث کا کردار نمایاں رہا۔ مولانا محمد حسین صاحب شیخوپوری، حافظ عبدالقادر روپڑیؒ، مولانا محمد اسماعیل سلفیؒ گوجرانوالہ، حافظ محمد گوندلویؒ، مولانا محمد عبداللہ گورداسپوری، قاری عبدالحفیظ فیصل آبادی، مولانا محمد عبداللہ ویرووالوی، مولانا محمد صدیق صاحب سرگودھا، علامہ احسان الٰہی ظہیر، مولانا ابراہیم صاحب حافظ آبادی، میاں فضل حق صاحب، مولانا محمد یحییٰ صاحب حافظ آبادی، مولانا عبدالحمید صاحب شیخوپورہ، قاضی محمد اسلم سیف صاحب فیروز پوری، حافظ احمد اللہ بڈھیمالوی اور بے شمار علمائے اہلحدیث نے قید وبند کی صعوبتیں برداشت کیں اور پولیس وانتظامیہ کی غنڈہ گردی کا شکار ہوئے۔ مگر امام اعظم حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی ختم نبوت پر ذرہ برابر آنچ نہ آنے دی۔ بلکہ قائدانہ کردار ادا کیا۔ اہلحدیث کی رد قادیانیت میں خدمات کا اعتراف شورش کاشمیری مرحوم نے یوں کیا ہے۔ مولانا امرتسریؒ کا تذکرہ کرنے کے بعد فرماتے ہیں ان کے علاوہ مولانا عبداللہ معمار، مولانا محمد شریف گھڑیالوی، مولانا عبدالرحیم لکھوالے، مولانا حافظ عبداللہ روپڑی، مولانا حافظ محمد گوندلوی، مولانا محمد اسماعیل سلفی گوجرانوالہ مولانا محمد حنیف ندوی، مولانا عبدالقادر روپڑی اور حافظ مولانا محمد ابراہیم کمیرپوری، (رحمۃ اللہ علیہم اجمعین) وغیرہ نے قادیانی امت کو ہر دینی محاذ پر خوار کیا اس سلسلہ میں غزنوی خاندان نے عظیم خدمات سرانجام دیں۔ مولانا داؤد غزنوی جو جماعت اہلحدیث کے امیر اور مجلس احرار اسلام کے سیکرٹری رہے۔ انہوں نے اس محاذ پر بے نظیر کام کیا۔ فی الجملہ تحریک ختم نبوت کے اس آخری دور تک جب مرزائی مسلمانوں سے الگ کئے گئے اور آئینی اقلیت قرار پا گئے۔ علمائے اہلحدیث قادیانیت کے تعاقب میں پیش پیش رہے۔ اس عنوان سے اتحاد بین المسلمین میں قابل قدر حصہ لیا (تحریک ختم نبوت: ۱۴۱)

## مناظر اسلام حافظ محمد ابراھیم کمیر پوری رحمۃ اللہ علیہ

حافظ صاحب رحمۃ اللہ علیہ ماضی قریب کے ممتاز علماء اہلحدیث میں سے ایک ہیں بڑے صاحب علم وفضل اور تحقیقی میدان میں ید طولیٰ رکھتے ہیں۔ خصوصاً مرزائیت پر تو آپ کو خصوصی دسترس حاصل تھی جس کا اندازہ اس ایک ہی واقعہ سے لگایا جا سکتا ہے کہ جب مرزائیت کے کفر کی تحریک حکومت کے ایوانوں تک جا پہنچی اور قومی اسمبلی میں مرزائیوں کو کافر قرار دینے کی قرارداد پیش ہوئی تو مرزائی عقائد اور اعمال پر بحث کیلئے اراکین اسمبلی کو علمائے کرام کا تعاون درپیش تھا ایک رکن اسمبلی خواجہ محمد سلیمان تونسوی نے خواجہ قمرالدین سیالوی سے عرض کیا کہ ہماری راہنمائی کیلئے کسی ایسے صاحب علم شخص کا انتظام کردیجئے۔ جو مرزائیت پر مکمل عبور رکھتا ہو۔ تو خواجہ قمرالدین سیالوی کی نظر انتخاب اس وقت اہلحدیث کے اس قابل فخر فرزند حافظ محمد ابراہیم کمیر پوریؒ پر پڑی۔ حافظ صاحب نے اگرچہ مرزائیوں سے بہت سے مناظرے ومباحثے کئے کئی کتابیں تحریر کیں اور تقریر وتحریر کے ذریعے مرزائیت کا جینا حرام کئے رکھا میں اس ساری بحث کو چھوڑ کر صرف ایک ہی بات کا تذکرہ کرنا چاہتا ہوں جس کا میں نے ابتدا میں دعویٰ کیا تھا اور دوران مضمون وعدہ کہ مرزا قادیانی پر سب سے پہلے کفر کا فتویٰ اہلحدیث نے لگایا مرزا قادیانی سے مباہلہ کرکے اس کو منطقی انجام تک اہلحدیث نے پہنچایا یہ دونوں باتیں گزشتہ سطور میں گزر چکی ہیں اور تیسری بات کہ مرزائیت کو کفر اور مرزائیوں کو آئینی طور پر غیر مسلم اقلیت قرار دلوانے میں بھی جو آخری ضرب لگائی وہ بھی اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اہلحدیث کے ہاتھوں لگی۔ رد قادیانیت میں تمام مذہبی وسیاسی جماعتوں کی خدمات کا اپنا اپنا حصہ ہے دوسرے لوگوں کی طرح ہم اپنے سوا دوسروں کی خدمات کی نفی نہیں کرتے مگر اس مضمون میں چونکہ صرف علمائے اہلحدیث کی خدمات کا تذکرہ تھا اس لئے تحریر کو اس تک ہی محدود رکھا گیا ہے۔ اور پھر یہ بتانا بھی مقصود ہے کہ ردقادیانیت میں جو امتیاز اللہ تعالیٰ نے اہلحدیث کو

**مرزائیت کے خلاف جو شرف اللہ تعالیٰ نے اہلحدیث کو عطا کیا ہے وہ کسی دوسرے کو نہیں ملا کہ مرزا قادیانی پر سب سے پہلا فتویٰ کفر اہلحدیث نے جاری کیا۔ مرزا قادیانی کو منطقی انجام تک اہلحدیث سے مباہلہ کے ذریعے پہنچا۔ مرزائیت کے تابوت میں آخری کیل اہلحدیث سے لگوائی۔**



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

عطا فرمایا ہے وہ کسی دوسرے کو نہیں ملا۔

آمدم برسر مطلب:

اب آیئے اس تیسری بات کی طرف جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں مرزائیت کو کافر قرار دینے کی قرار داد جب اسمبلی میں بحث و جرح کیلئے منظور ہوئی تو ظاہر ہے طریقہ کار کے مطابق اس کاروائی میں صرف وہی افراد حصہ لے سکتے تھے جو اس وقت اسمبلی کے رکن تھے ہمارے بعض کرم فرما لوگوں کو یہ بتا کر کہ ہمارے فلاں صاحب نے قرار داد پر دستخط کئے یہ باور کروانے کو کوشش کرتے ہیں کہ یہ صرف ہمارا ہی کام تھا کسی دوسرے کا اس میں کوئی حصہ نہیں ہے جبکہ حقیقت یہ نہیں ہے۔

ان اراکین اسمبلی نے اپنے اپنے حلقہ اثر کے علماء کا تعاون حاصل کیا تو حافظ ابراہیم کمیر پوری کا انتخاب اراکین اسمبلی کی معاونت کیلئے بریلوی مکتبہ فکر کے بزرگ خواجہ قمر الدین سیالوی نے کیا۔ حافظ صاحب موصوف نے مرزا ناصر قادیانی پر جرح کیلئے ایک سوال نامہ تشکیل دیا جو کہ خواجہ محمد سلیمان تونسوی رکن نیشنل اسمبلی پاکستان کے حوالہ سے اٹارنی جنرل نے دوران جرح مرزا ناصر احمد سے کرنے تھے چنانچہ یہ سوالات ہوتے رہے (ان سوالات کی کچھ تفصیل فسانہ قادیاں کے شروع میں مرقوم ہے) آخری سوال جو اٹارنی جنرل نے مرزا ناصر احمد سے کیا اور اس سوال سے وہ اس قدر لاجواب اور ذلیل رسوا ہوا کہ اس نے مزید سوالات کا جواب دینے سے ہی انکار کر دیا اور یوں مرزائیت پاکستان کے دستور و آئین کے مطابق کافر قرار پا کر اپنے منطقی انجام کو پہنچ گئی۔ یہ آخری سوال بھی اہلحدیث کے فرزند حافظ محمد ابراہیم کمیر پوریؒ کا ہی تیار کردہ تھا کہ آپ لوگ مرزائی نبوت کو ظلی بروزی اور لغوی وغیرہ کہہ کر اس کی شدت اور سنگینی کو کم کرنا چاہتے ہیں۔ جبکہ وہ خود اپنے آپ کو آنحضرت ﷺ کے ہم پلہ بلکہ ان سے اونچی شان کا حامل قرار دیتے ہیں۔ جیسا کہ ان کا ایک مرید ان کی زندگی اور ان کی موجودگی میں ان کی مدح اور توصیف ان الفاظ میں کرتا ہے:

محمد پھر اتر آئے ہیں ہم میں
اور آگے سے ہیں بڑھ کر اپنی شان میں
محمد دیکھنے ہوں جس نے اکمل
غلام احمد کو دیکھے قادیاں میں

(بحوالہ: اخبار بدر 22 اکتوبر 1902)

مرزا جی نے اس گستاخ کو نہ ڈانٹا نہ جھڑکا بلکہ زبان مبارک سے جزاک اللہ کہا اور فریم شدہ قصیدہ گھر لے گئے یہ تو وہ آخری سوال جو فخر اہلحدیث حافظ محمد ابراہیم کمیر پوری کا تیار کردہ اٹارنی جنرل نے مرزا ناصر احمد سے کیا تو نہ صرف مرزا ناصر اس کا جواب نہ دے سکا بلکہ بھری محفل میں اپنی ایک غیر اخلاقی حرکت کی وجہ سے اٹارنی جنرل سے جھڑکیاں کھا کے ذلیل و رسوا بھی ہوا۔ (بحوالہ اپنا فسانہ: ۷۳)

اور حافظ صاحب کے اس تعاون پر خواجہ محمد سلیمان تونسوی رکن قومی اسمبلی نے کہا تھا کہ اگر حافظ ابراہیم صاحب ہماری راہنمائی نہ کرتے تو شاید ہم اتنی وضاحت سے اپنے موقف کو پیش نہ کر سکتے۔

یہ رتبہ ملا جس کو مل گیا
ہر مدعی کے واسطے دارو رسن کہاں

اہلحدیث کی اس جدوجہد کہ جس کا آغاز مولانا محمد حسین بٹالوی کے استفتاء اور میاں نذیر حسین دہلویؒ کے فتوے سے ہوتا ہے جب حافظ ابراہیم صاحب کے اس سوال تک پہنچتی ہے تو پاکستان کی تاریخ کے یادگار دن 7 ستمبر 1974 کو پاکستان نیشنل اسمبلی کے اراکین متفقہ طور پر مرزائیوں کو کافر قرار دیتے ہیں اور یوں مرزائی قیامت تک پاکستان کے دستور، قانون اور آئین کے مطابق غیر مسلم اقلیت ہی سمجھے جائیں گے۔

اس لئے تو میں نے عرض کیا کہ مرزا قادیانی کے خلاف سب سے پہلے فتویٰ کفر طلب کرنے والے مولانا محمد حسین صاحب بٹالوی اہلحدیث اور قادیانی ذریت پر پہلا فتویٰ کفر جاری کرنے والے شیخ الکل مولانا سید نذیر حسین دہلوی اہلحدیث تھے۔ اور مرزا قادیانی سے مباہلہ کر کے اس کو منطقی انجام تک پہنچانے والے شیخ الاسلام مولانا ثناء اللہ امرتسری اہلحدیث تھے اور مرزائیت کے تابوت میں آخری کیل ٹھونکنے والے حافظ محمد ابراہیم کمیر پوری بھی اہلحدیث ہی تھے رحمهم الله تعالى۔ الحمد لله على ذالك

بنا کردند خوش رسمے بخاک و خون غلطیدن
خدائے پاک رحمت کند ایں عاشقاں پاک طینت را

اور اب بھی اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مرزائیت کی تردید اور اس کی جارحیت اور دجل و فریب کے آگے بند باندھنے کیلئے اہلحدث کی مساعی و کوشش سب سے نمایاں ہے اور ان شاء اللہ العزیز اہلحدیث قیامت کی صبح تک عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ سے ایک لحہ کیلئے بھی غافل نہ ہوں گے۔

ہاتھ توڑیں گے یا کھولیں گے نقاب
سلطانِ عشق کی یہی فتح و شکست ہے

☆☆☆ مراجع و مصادر ☆☆☆


تفسیر ثنائی — مولانا ثناء اللہ امرتسری
دارمی شریف
مشکوۃ شریف
محمدیہ پاکٹ بک — مولانا عبداللہ معمار
تحریک ختم نبوت — شورش کاشمیری
فسانہ قادیاں — حافظ ابراہیم میرپوری
سوانح حیات مولانا ابراہیم میر سیالکوٹی — قاضی محمد اسلم سیف فیروزپوری
قادیانیت اپنے آئینے میں — مولانا صفی الرحمن مبارکپوری
بزم ارجمنداں — مولانا محمد اسحٰق بھٹی صاحب
تحریک اہلحدیث — قاضی محمد اسلم سیف فیروزپوری
سیرۃ ثنائی — مولانا عبدالمجید خادم سوہدروی
علامہ احسان الٰہی ظہیر ایک عہد ایک تحریک
قاضی محمد اسلم سیف فیروزپوری
آئینہ کمالات اسلام مرزا غلام احمد قادیانی
مولانا محمد عبداللہ ویرووالوی، حیات و خدمات
مولانا سعید احمد چنیوٹی
تحریک ختم نبوت — ڈاکٹر محمد بہاؤالدین
پارلیمنٹ میں قادیانی شکست — مولانا اللہ وسایا
خلیفہ اور مرزائیت — مولانا عبدالغفور اثری
تحریک ختم نبوت 1953 — مولانا اللہ وسایا
قادیانیت مطالعہ و جائزہ — مولانا سید ابوالحسن علی ندوی
تذکرہ مجاہدین ختم نبوت — مولانا اللہ وسایا
اصول کرخی — علامہ کرخی
تذکرۃ الرشید — مولانا محمد عاشق الٰہی میرٹھی
تریاق القلوب — مرزا غلام احمد قادیانی
ازالہ اوہام — مرزا غلام احمد قادیانی




© rasailojaraid.com